ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (545)

مورخہ 12.10.23

## بہاولپور(         )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ عباس نگر اور تھانہ ڈیرہ نواب صاحب پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد۔ جرائم پیشہ افراد کا تعاقب جاری رکھا جائیگا، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی سماج دشمن عناصر کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں منشیات فروشوں کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ عباس نگر پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر بدنام زمانہ منشیات ارشد، اقبال عرف گینڈی اور عمران کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 03 کلو 120 گرام چرس اور 30 لیٹر دیسی شراب برآمد کر کے ملزم کو بند حوالات کیا۔ جبکہ تھانہ عباس نگر پولیس نے اسلحہ ناجائز رکھنے والوں کے خلاف کارروائی عمل میں لاتے ہوئے ملزم محمد اسماعیل کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 01 عدد رائفل 44 بور برآمد کر لی۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج رجسٹرڈ کر کے تفتیش شروع کر دی گئی۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایسے گھناؤنے جرائم کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈاؤن کرتے ہوئے مزید مؤثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے منفی عناصر سے پاک کیا جا سکے اور بہاولپور سے منشیات جیسی زہر کو مکمل طور پر ختم کیا جا سکے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور تھانہ عباس نگر پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزمان گرفتار، بھاری مقدار میں منشیات و اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (546)

مورخہ 12.10.23

## بہاولپور(        )ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزمان گرفتار، 07 ملین کی چوری شدہ کار برآمد۔معاشرے کے ایسے منفی عناصر کے خلاف مزید کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی، ڈی پی او

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اورڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی سربراہی میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔تھانہ کینٹ پولیس نے جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے اسپیشل ٹیم تشکیل دے کرانتھک محنت کے بعد متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمان کوگرفتار کرلیا،گرفتار ملزمان سے متعدد مقدمات ٹریس ہوئے۔گرفتار ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ 07 ملین کی کار Honda civic برآمد کرلی گئی۔ریکورشدہ کار اصل مالک کے حوالے کی جارہی ہے۔

ڈی پی او سید محمد عباس نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جارہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ڈی پی او سید محمد عباس نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او تھانہ کینٹ وٹیم کو شاباش دی۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاولپور:ڈی پی او سید محمد عباس کے احکامات، تھانہ کینٹ پولیس کی کامیاب کارروائی، ملزمان گرفتار، 07 ملین کی چوری شدہ کار برآمد، جبکہ دوسری جانب ریکورشدہ کار اصل مالک کے حوالے کی جارہی ہے